**[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*to amend the Archival Material (Preservation and Export Control) Act, 1975*

**WHEREAS** it is expedient to amend the Archival Material (Preservation and Export Control) Act, 1975 (XLVI of 1975), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**— This Act shall be called the Archival Material (Preservation and Export Control) 1975 (Amendment) Act, 2023.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 2, Act XLVI of 1975.**— In the Archival Material (Preservation and Export Control) Act, 1975, hereinafter referred to as the said Act, in section 2, in clause (a), for the words "Federal Government", the words "secretary of the administrative division" shall be substituted.

3. **Amendment of section 3, Act XLVI of 1975.**—In the said Act, in section 3, for the words "Federal Government" occurring in line No.02 of the section, the words "secretary of the administrative division" shall be substituted. Moreover, in this Section, for the words "and the decision of the Federal Government" occurring in line No.4 the words "secretary of the administrative division shall be final, with the stipulation that a consequential review power shall also be vested with the Minister Incharge of the Division, to which the business of the National Archives stands allocated" shall be substituted.

4. **Amendment of section 7, Act XLVI of 1975.**— In the said Act, in section 7, for the words "Federal Government" the words "secretary of the administrative division" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

**Archival Material (Preservation and Export Control) (Amendment) Act, 2023**

The Federal Government vide its directions dated 08.11.2017, 12.04.2018, 31.05.2022 and lastly on 18.10.2022 has decided that authority of the 'Federal Government' may be delegated where needed, from the level of Federal Government/Federal Cabinet to an appropriate lower authority through replacement of the word 'Federal Government' in the legislations of the Ministries/Divisions/Departments/Organization.

2. To comply with the above directions of the Federal Cabinet, the Cabinet Division, after an in-house scrutiny and consultation with the NAP, proposed some amendments in the aforesaid Acts i.e. National Archives Act, 1993 and Archival Material (Preservation and Export Control) Act, 1975 and same have been vetted by the Law and Justice Division and approved by the Cabinet Committee on Disposal of Legislative Cases (CCLC).

3. The aforesaid amendments in the Acts are designed to achieve the purpose of the delegation of powers from the Federal Government to an appropriate lower authority so as to resolve and dispose of various matters of NAP in an expeditious manner.

**(Murtaza Javed Abbasi)**
Minister for Parliamentary Affairs

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

# محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں ترمیم کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) ایکٹ، ۱۹۷۵ء (نمبر ۴۶ بابت ۱۹۷۵ء) میں ایسے طریقہ کار میں اور بعدازیں ظاہر ہونے والے اغراض کے لیے ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** یہ ایکٹ محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) ۱۹۷۵ء (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۴۶ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) ایکٹ، ۱۹۵۷ء، میں جس کا حوالہ بعدازیں مذکورہ، ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۲ میں، شق (الف) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، کو الفاظ ''انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۴۶ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت''، جو دفعہ کی سطر نمبر ۲ میں آ رہیں کو، الفاظ ''انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

مزید برآں، اس دفعہ میں، الفاظ ''اور وفاقی حکومت کا فیصلہ'' جو سطر نمبر ۴ میں آ رہیں کو، الفاظ ''انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری حتمی ہو گا، اس شرط کے ساتھ کہ نتیجہ خیز نظر ثانی کا اختیار بھی ڈویژن کے وزیر انچارج کو حاصل ہو گا، جسے قومی محافظ خانے کا کاروبار مختص کیا گیا ہے'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۴۶ بابت ۱۹۷۵ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو الفاظ ''انتظامی ڈویژن کا سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

# بیان اغراض وجوہ

## قومی محفوظ شدہ دستاویزات (تحفظ و برآمدی کنٹرول) (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۳ء

وفاقی حکومت نے بتاریخ، ۰۷-۱۱-۲۰۱۷ء، ۰۸-۲۰۱۸ء، ۱۲-۴-۲۰۲۲ء، ۳۱-۰۵-۲۰۲۲ء اور آخر میں ۱۸-۱۰-۲۰۲۲ء، کو بذریعہ اپنی ہدایات یہ فیصلہ کیا ہے کہ جہاں ضرورت ہو، وفاقی حکومت / وفاقی کابینہ کی سطح سے، وفاقی حکومت، کے اختیارات وزارتوں / ڈویژنز / محکموں / تنظیم میں لفظ "وفاقی حکومت" کی تبدیلی کے ذریعے ایک مناسب ماتحت اتھارٹی کو تفویض کیے جا سکیں گے۔

۲۔ وفاقی حکومت کی مذکورہ بالا ہدایات کی تعمیل کرنے کے لیے، کابینہ ڈویژن نے داخلی جانچ پڑتال اور NAP کے ساتھ مشاورت کے بعد، مذکورہ قوانین یعنی قومی محافظ خانہ دستاویزات ایکٹ، ۱۹۳۳ء اور محفوظ شدہ دستاویزاتی مواد (تحفظ و برآمدی کنٹرول) ایکٹ ۱۹۷۵ء میں بعض ترامیم تجویز کیں ہیں اور ان کا قانون و انصاف ڈویژن نے ناقدانہ جائزہ لیا ہے اور کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی امور (CCLC) کی جانب سے اس کی منظوری دی گئی ہے۔

۳۔ ایکٹس میں مذکورہ بالا ترامیم وفاقی حکومت کی جانب سے اختیارات کی ایک مناسب ماتحت اتھارٹی کو تفویض کرنے کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے مرتب کی گئیں ہیں تا کہ NAP کے مختلف امور کو تیزی سے حل کیا جا سکے اور نمٹایا جا سکے۔

(مرتضیٰ جاوید عباسی)
وزیر برائے پارلیمانی امور